[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973

**WHEREAS** it is expedient to further amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes appearing hereinafter, appearing;

**AND WHEREAS** in Article 7 of the Islamic Republic of Pakistan, the State has been defined as composed of Federal Government, Provincial Government and Local Authorities; State;

**AND WHEREAS** Article 1 declares that Pakistan is a Federal Republic;

**AND WHEREAS** Federalism entails distribution of responsibility and authority to all three tiers of State;

**AND WHEREAS** 18th Constitutional Amendment by virtue of its design and intent envisages devolution of responsibility and authority to three tier of State;

**AND WHEREAS** Article 140 A failed to fulfil the command of the Constitution to establish a local government system and devolve political, administrative and financial responsibility and authority to the elected representatives of the Local Governments;

**AND WHEREAS** to realize in the intent of the Constitution, it's imperative to define clearly, the role, functions, responsibility and authority of the local governments in the Constitution, and Matters Connected therewith or incidental thereto;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.-** (1) This Bill may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) These amendments shall have overriding effect and shall be applicable notwithstanding anything contained in the Constitution or any law, judgment or order of the Court.

(3) It shall come in to force at once.

**2. Amendment of Article 140A of the Constitution.-** In the Constitution of the Islamic Republic of the Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, for Article 140A, the following shall be substituted namely: -

"**140 A. Local Governments.-** (1) The Federal Government shall, by law, establish a local government system throughout the country, whereby political, administrative and financial

responsibility and authority shall be devolved to the elected representatives of the local governments.

**Explanation.** In this Article "law" shall mean the law passed by the Majlis-e-Shoora (Parliament) or an Ordinance promulgated by the President.

(2) The following shall be the local governments institutions: -

(i) (a) Islamabad Metropolitan City Government, for Islamabad Capital Territory;

(b) Peshawar Metropolitan City Government, for Peshawar District;

(c) Lahore Metropolitan City Government, for Lahore District;

(d) Karachi Metropolitan City Government, for Karachi Division; and

(e) Quetta Metropolitan City Government, for Quetta District.

(ii) In addition to above, Metropolitan City Government, shall be constituted for every other city having more than five million population;

(iii) Municipal City Government, for every city having population from one million to five million;

(iv) Municipal Government, for every city having population from five lacs to one million;

(v) Town Government for every town having population from 1 lac to 5 five lacs;

(vi) District Government, for all rural Districts;

(vii) Town Committee for every town having population from fifty thousand to one lac;

(viii) Union Committee in urban areas;

(ix) Union Council in rural areas;

(x) Ward in every Union Committee/Council; and

(xi) Village Committee (Panchayat) in every village.

(3) Elections to the local governments shall be held by the Election Commission of Pakistan.

(4) The Election Commission of Pakistan shall determine number of constituent unit of local governments by whatever name they are known and shall demarcate, delimit and notify by law.

(5) While determining number, demarcating and delimiting constituting units under sub-Article (4), the Election Commission of Pakistan shall ensure parity of population.

(6) Subject to sub-clause (5), the law shall prescribe further standards of delimitation.

(7) local governments, other than specified in sub-clause (2)(i), of the Article, shall be demarcated and delimited in such a way that each city or urban area shall constitute an independent local government and an urban area shall not be amalgamated with rural area.

(8) Every local government shall continue for five years from the date of its first meeting and shall stand dissolved on the completion of this period.

(9) The Mayor or the Chairman as the case, shall be elected directly.

(10) The mayor shall coordinate and shall exercise supervisory control on all institutions providing municipal services within the local limits of local government.

(11) Elections shall be held one month before the expiry of the term of the local governments.

(12) In case of premature dissolution, for whatever reason, election to the local government shall be held within two months from the date of such dissolution.

**140 B. Responsibility, Power and Authority of the Local Governments.-** (1) The Federal and Provincial Governments may, as deem fit, devolve to the local governments at the appropriate level, responsibilities, powers and authorities, in addition to those listed in Sixth Schedule.

(2) The Federal and Provincial Governments may, as deem fit, devolve to local governments at appropriate level, powers and authority to levy, collect and appropriate taxes, duties, toll, cess, rate and fees in addition to those listed in Sixth schedule.

(3) Subjects listed in the Sixth Schedule shall be in the exclusive domain of the Local Governments and shall be devolved to appropriate level of Local Governments in accordance with the principle of subsidiarity.

**140 C. Local Government Finance.** - (1) The vertical distribution of resources between Provincial and local governments and horizontal distribution among local governments shall be determined in accordance with prevalent NFC formula, distributing resources between Federal Government and Provincial Governments and among Provincial Governments.

**Explanation (I).-** In this Article, "vertical distribution" means the vertical distribution of federal divisible revenues between Federal and Provincial Government, which is in accordance with current NFC award is in proportion of 42.5:57.5, so the vertical distribution of provincial revenues between Provincial and Local governments in each province shall be in proportion of 42.5:57.5 during the prevalence of current NFC Award.

**Explanation (II).-** In this Article "horizontal distribution" means the horizontal distribution of provincial share in federal divisible revenues among the provinces, which in accordance with current NFC formula is based on population (82%), backwardness (10.3%), inverse population (2.7%) and revenue generation (5% ), same formula shall be applied for the distribution of provincial revenues among local governments in each province during the prevalence of current NFC Award.

(2) Share of each local government shall be transferred directly by the Federal Government to the respective Local Governments.

(3) The Federal and Provincial Governments may provide the local governments grant-in-aid from their respective Consolidated Funds.

(4) Federal Government shall make provision for Islamabad Metropolitan City Government out of its share.

**140 D.- Schedule of Establishment of Local Governments.-** (1) Each Local Government shall maintain its own schedule of establishment for managing its affairs.

(2) Each local government shall, as far as possible, recruit and employ human resource permanently residing within the local limits of that Local Government.

**3. Addition of Sixth Schedule to the Constitution.-** in the Constitution, after the Fifth Schedule, the following sixth schedule shall be added, namely:-

**"Sixth Schedule**

[Article 140B]

List of Subject of the Local Governments

1. Planning and working for overall socio-economic and cultural development of the community.
2. Master plan; Urban design and physical planning; Housing and Town planning.
3. Land control; Land development, disposal, management and regulation; Land use regulation, zoning and classification.
4. Regulation, management and control of building construction.
5. Improvement and upgradation of Katchi Abadies.
6. Development of infrastructure including roads, bridges and under passes.
7. Public transport; Mass transit; Traffic regulation and management.
8. Local policing including traffic police.
9. Magistracy and enforcement of local laws.
10. School and college education; Technical education and vocational training.
11. Health; Hospitals and allied medical facilities; Medical education.
12. Population welfare.
13. Social security and public welfare.
14. Administration and management of Zakat.

15. Food control.
16. Promotion of Information technology.
17. Provision of entertainment, promotion of sports and culture.
18. Museums, art galleries, libraries, community and cultural centers; conservation of historical and cultural heritage.
19. Cooperatives.
20. Water supply and sewerage disposal.
21. Public health, sanitation, conservancy and solid waste management.
22. Flood control, development and maintenance of storm water disposal system.
23. Disaster Management.
24. Fire services and civil defense.
25. Provision and maintenance of amenities such as parks, playgrounds, streetlights, parking lots, bus stops and other public conveniences.
26. Protection of environment; Forestry.
27. Establishment, management and maintenance of industrial estates; Small and medium enterprises; Cottage industries.
28. Management and regulation of trade and businesses.
29. Management of Cattle colonies; Cattle ponds; Prevention of cruelty to animals.
30. Livestock; Animal husbandry, fisheries, dairy and poultry farming.
31. Regulation of slaughterhouses.
32. Registration of marriages, birth and death.
33. Burial and burial grounds; Cremation grounds.
34. Management of markets and commercial centers.
35. Agriculture including agriculture extension.
36. Rural development.
37. On-farm water management.
38. Recruitment, management and administration of human resource employed for smooth functioning of the Local Governments.
39. Land Revenue; Cotton Fees; Property Tax; Tax on transfer of property; Capital Value Tax on Immoveable Property; Tax on Profession; Motor Vehicles Tax; Entertainment tax; Stamp Duties; Sales Tax (50%) on Services; Octroi; Zilla Tax; Environment Tax; Infrastructure Development and Maintenance Tax; User Fees.
40. Taxes, Toll, Rent, Fees, Service charges, Cess, Duties and Rate or Levies, Local Governments are authorized to collect by law on the commencing day of the Constitution (Twenty Sixth Amendment).
41. Rules and regulation to conduct business of Local Governments.
42. Administrative, financial and legal matters relating to subjects enumerated in this schedule."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Local Governments in Pakistan have a chequered history, marked by periods of varied fortune, having a consistent pattern of dubious existence under Dictatorial regimes and of outright non-existence under Democratic dispensations. Dictator used them to acquire legitimacy while Democracies considered them as rivals.

There has never been a uniform pattern of Local Governments in the country, every Province has its own design creating a lot of confusion in operation and institutional development of these institutions. Elections are irregular, often held only when there is an intervention from the Superior Courts, there is an obstinate reluctance on part of the Provincial Governments to devolve political, administrative and financial responsibility and authority to the Local Governments, and there are frequent dismissal and supersession of Local Governments by Provincial governments at will.

Article 32 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan makes it obligatory that the State shall encourage Local Government institutions and Article 140A makes it mandatory that every Provincial Government shall, by law, establish a local government system and devolve political, administrative and financial responsibility and authority to the elected representatives of the Local Governments.

But there was no clarity on structure, role, functions, responsibility and authority of the Local Governments leaving the entire system at the whim of the hostile Provincial Governments.

Keeping in view, the historical experience and dictates of the Constitution, it is imperative to provide in the Constitution certain provisions which can ensure uniformity, continuity and certainty of the Local Government institutions, and further ensure a certain level of devolution of political, administrative and financial responsibility and authority to make these institutions, viable and effective tools of Local Governance in line with the aspirations of the people of Pakistan.

The Bill seeks to achieve above objectives.

**Sd/-**
**MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN**

Members, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۷ میں ریاست کی تعریف وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور مقامی اتھارٹیز پر مشتمل ہے؛

اور چونکہ آرٹیکل ۱، قرار دیتا ہے کہ پاکستان ایک وفاقی جمہوریہ ہے؛

اور چونکہ وفاقیت میں ریاست کے تمام تینوں ستونوں کو ذمہ داری و اختیارات کی تقسیم ناگزیر ہے؛

اور چونکہ اٹھارہویں آئینی ترمیم اپنے بنیادی تصور اور مقصد کے لحاظ سے ریاست کے تینوں ستونوں کو ذمہ داری و اختیارات کی منتقلی پر زور دیتی ہے؛ اور چونکہ آرٹیکل ۱۴۰ مقامی حکومت کے نظام کے قیام اور مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں کو سیاسی، انتظامی و مالی ذمہ داری اور اختیارات کی منتقلی کے لئے دستور کے احکامات کو پورا کرنے میں ناکام رہا ہے؛

اور چونکہ دستور کے مقصد کو سمجھنے کے لئے دستور اور اس سے منسلک یا اسکے ضمنی معاملات میں مقامی حکومتوں کے کردار، کارہائے منصبی، ذمہ داری و اختیارات کی واضح طور پر وضاحت کرنا ضروری ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ ترامیم دستور یا کسی قانون، عدالت کے فیصلہ یا حکم میں مذکور کسی امر کے باوجود موثر رہیں گی اور قابل اطلاق ہونگی۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۴۰/الف میں ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور جس کا بعدازاں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں آرٹیکل ۱۴۰/الف کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:

**۱۴۰/الف۔ مقامی حکومتیں۔** (۱) وفاقی حکومت پورے ملک میں مقامی نظام حکومت کا قیام عمل میں لائے گی، جس کے ذریعے سیاسی، انتظامی، مالی ذمہ داریاں اور اتھارٹی مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں کو منتقل کی جائیں گی۔

**وضاحت۔** اس آرٹیکل میں "قانون" سے مراد مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کا منظور کردہ قانون یا صدر کی جانب سے نافذ کردہ کوئی آرڈیننس ہے۔

۲۔ حسب ذیل مقامی حکومتوں کے ادارے ہوں گے :۔

(i) (الف) اسلام آباد میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد۔

(ب) پشاور میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ ضلع پشاور؛

(ج) لاہور میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ ضلع لاہور؛

(د) کراچی میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ، کراچی ڈویژن: نیز

(ہ) کوئٹہ میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ ضلع کوئٹہ؛

(ii) مذکورہ بالا کے علاوہ، ہر دوسرے شہر جس کی آبادی پچاس لاکھ سے زائد ہو، کے لیے میٹروپولیٹن سٹی گورنمنٹ قائم کی جائے گی؛

(iii) دس لاکھ سے پچاس لاکھ کی آبادی والے ہر ایک شہر کے لیے میونسپل سٹی گورنمنٹ قائم کی جائے گی؛

(iv) پانچ لاکھ سے دس لاکھ کی آبادی والے ہر ایک شہر کے لیے میونسپل سٹی گورنمنٹ قائم کی جائے گی؛

(v) ایک لاکھ سے پانچ لاکھ کی آبادی والے ہر ایک ٹاؤن کے لیے ٹاؤن گورنمنٹ قائم کی جائے گی؛

(vi) تمام دیہی اضلاع کے لیے ضلعی حکومت قائم کی جائے گی؛

(vii) پچاس ہزار سے ایک لاکھ کی آبادی والے ہر ایک ٹاؤن کے لیے ٹاؤن کمیٹی قائم کی جائے گی؛

(viii) شہری علاقوں میں یونین کمیٹی؛

(ix) دیہی علاقوں میں یونین کونسل؛

(x) ہر یونین کمیٹی/کونسل میں وارڈ؛ نیز

(xi) ہر گاؤں میں ویلج کمیٹی (پنچائیت)

(۳) مقامی حکومتوں کے انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن پاکستان کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۴) الیکشن کمیشن پاکستان مقامی حکومتوں کی جزوی اکائیوں کی تعداد کا تعین کرے گا خواہ وہ جس نام سے بھی جانی جاتی ہوں اور قانون کے مطابق اور اعلامیہ جاری کرے گا۔

(۵) الیکشن کمیشن پاکستان ذیلی آرٹیکل (۴) کے تحت اکائیوں کی تعداد کا تعین اور حد بندی کرتے وقت آبادی کے تناسب کو یقینی بنائے گا۔

(۶) ذیلی شق (۵) کے تابع، قانونی حد بندی کے مزید معیارات تجویز کرنا۔

(۷) آرٹیکل کی ذیلی شق (۲)(ط) کے علاوہ مقامی حکومتوں کی دوبارہ نشاندہی اور حد بندی اس طرح کی جائے گی کہ ہر شہری علاقہ ایک آزاد مقامی حکومت تشکیل دے گا اور شہری علاقے کو دیہی علاقے کے ساتھ ضم نہیں کیا جائے گا۔

(۸) ہر مقامی حکومت اپنے پہلے اجلاس کی تاریخ سے پانچ سال کی مدت تک جاری رہے گی اور اس مدت کی تکمیل پر تحلیل ہو جائے گی۔

(۹) میئر یا چیئرمین، جو بھی صورت ہو، براہ راست منتخب کیے جائیں گے۔

(۱۰) میئر مقامی حکومت کی مقامی حدود میں میونسپل خدمات فراہم کرنے والے تمام اداروں کی نگرانی کرے گا اور نگرانی کے اختیارات استعمال کرے گا۔

(۱۱) مقامی حکومتوں کی مدت ختم ہونے سے ایک ماہ قبل انتخابات کرائے جائیں گے۔

(۱۲) کسی بھی وجہ سے، قبل از وقت تحلیل ہونے کی صورت میں، مقامی حکومت کے انتخابات اس تحلیل کی تاریخ سے دو ماہ کے اندر کرائے جائیں گے۔

**۱۴۰ ب۔ مقامی حکومتوں کی ذمہ داری و اختیار۔** (۱) وفاقی اور صوبائی حکومتیں، جیسا کہ مناسب سمجھیں، چھٹے جدول میں درج ذمہ داریوں/اختیارات کے علاوہ، مناسب سطح پر، ذمہ داریاں اور اختیارات مقامی حکومتوں کو منتقل کر سکتی ہیں۔

(۲) وفاقی اور صوبائی حکومتیں، جیسے مناسب سمجھیں، مقامی حکومتوں کو چھٹے جدول میں بیان کردہ کے علاوہ ٹیکس، ڈیوٹی، ٹول، سیس، شرح فیصد اور فیسیں عائد کرنے، جمع کرنے اور مختص کرنے کے مناسب حد تک اختیارات اور اتھارٹی تفویض کر سکتی ہیں۔

(۳) چھٹے جدول میں درج موضوعات مقامی حکومتوں کے خصوصی دائرہ اختیار میں ہوں گے اور ذیلی حکومت کے اصول کے مطابق مقامی حکومتوں کو مناسب حد تک تفویض کیے جائیں گے۔

**۱۴۰ ج۔ مقامی حکومت کی مالیت۔** (۱) صوبائی اور مقامی حکومتوں کے مابین وسائل کی عمومی تقسیم اور مقامی حکومتوں کے مابین وسائل کی افقی تقسیم کا تعین وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں کے مابین وسائل کی تقسیم اور صوبائی حکومتوں کے مابین وسائل کی تقسیم کے مروجہ این ایف سی فارمولے کے مطابق کیا جائے گا۔

(۲) وفاقی اور صوبائی حکومتیں، جیسے مناسب سمجھیں، مقامی حکومتوں کو چھٹے جدول میں بیان کردہ کے علاوہ ٹیکس، ڈیوٹی، ٹول، سیس، شرح فیصد اور فیسیں عائد کرنے، جمع کرنے اور مختص کرنے کے مناسب حد تک اختیارات اور اتھارٹی تفویض کر سکتی ہیں۔

**وضاحت۔** (I) اس آرٹیکل میں ''عمومی تقسیم'' سے مراد وفاقی اور صوبائی حکومت کے مابین وفاقی قابل تقسیم ریونیو کی عمودی تقسیم ہے، جو کہ موجودہ این ایف سی ایوارڈ کے مطابق 42.5:575 کے تناسب سے ہے، لہذا ہر صوبے میں صوبائی اور مقامی حکومتوں کے مابین صوبائی ریونیو کی عمودی تقسیم موجودہ این ایف سی ایوارڈ کی مروجہ مدت کے دوران 42.5:575 کے تناسب سے ہو گی۔

**وضاحت۔** (II) آرٹیکل ہذا میں ''متوازی تقسیم'' سے مراد وفاق کے قابل تقسیم محاصل کی صوبوں میں متوازن تقسیم ہے، جو کہ موجودہ این ایف سی ضابطے کی رو سے کی جاتی ہے۔ یہ ضابطہ آبادی (۸۲ فیصد)، پسماندگی (۱۰ء۳ فیصد)، آبادی کے پھیلاؤ (۲ء۷ فیصد) اور محاصل کی پیداوار (۵ فیصد) پر مبنی ہے۔ موجودہ این ایف سی ایوارڈ پر نفاذ کے دوران اس ضابطے کا اطلاق ہو صوبے میں قائم مقامی حکومتوں کے مابین صوبائی محاصل کی تقسیم پر بھی کیا جائے گا۔

(۲) وفاقی حکومت پر ایک مقامی حکومت کا حصہ متعلقہ مقامی حکومتوں کو براہ راست منتقل کرے گی۔

(۳) وفاقی اور صوبائی حکومتیں، مقامی حکومتوں کو ان کے اپنے متعلقہ مجموعی فنڈز میں سے امداد فراہم کر سکیں گی۔

(۴) وفاقی حکومت اپنے حصے میں سے اسلام آباد شہر کی بلدیاتی حکومت کے لیے مالیاتی انتظام کرے گی۔

۱۴۰د۔ **مقامی حکومتوں کا ادارہ جاتی طریق کار۔**(۱) ہر ایک مقامی حکومت اپنے معاملات طے کرنے کیلئے اپنا ادارہ جاتی طریق کار برقرار رکھے گی۔

(۲) ہر مقامی حکومت ممکنہ حد تک متعلقہ مقامی حکومت کی مقامی حدود کے اندر مستقل طور پر مقیم افراد میں سے افرادی قوت کی بھرتی کر کے ان کی خدمات بروئے کار لائے گی۔

۳۔ **دستور میں چھٹے جدول کا اضافہ۔** دستور کے پانچویں جدول کے بعد، حسب ذیل چھٹے جدول کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی۔

## چھٹا جدول

## [آرٹیکل ۱۴۰ب]

## مقامی حکومتوں کی فہرست موضوعات

(۱)۔ کمیونٹی کی مجموعی سماجی۔اقتصادی و ثقافتی ترقی کے لیے منصوبہ بندی و کام۔

(۲) ماسٹر پلان، شہری ڈیزائن اور عملی منصوبہ بندی، ہاؤسنگ اور ٹاؤن پلاننگ۔

(۳) لینڈ کنٹرول، ترقی اراضی، تصرف، انتظام اور انضباط، ضابطہ استعمال اراضی، زوننگ اور درجہ بندی۔

(۴) تعمیر عمارت کا انضباط، انتظام اور کنٹرول۔

(۵) کچی آبادیوں کی بہتری اور درجہ بڑھانا۔

(۶) سڑکوں، پلوں اور انڈر پاسز سمیت انفراسٹرکچر کی ترقی۔

(۷) پبلک ٹرانسپورٹ، بڑے پیمانے پر ٹرانزٹ ضابطہ و انتظام ٹریفک۔

(۸) ٹریفک پولیس سمیت مقامی پولیسنگ۔

(۹) مقامی قوانین کی مجسٹریسی اور نفاذ۔

(۱۰) اسکول اور کالج کی تعلیم، ٹیکنیکل ایجوکیشن اور پیشہ ورانہ تربیت۔

(۱۱) صحت، ہسپتالوں اور متعلقہ سہولیات، طبی تعلیم۔

(۱۲) بہبود آبادی۔

(۱۳) سماجی تحفظ و عوامی بہبود۔

(۱۴) زکوۃ انتظام و مینجمنٹ۔

(۱۵) فوڈ کنٹرول۔

(۱۶) انفارمیشن ٹیکنالوجی کا فروغ۔

(۱۷) کھیلوں اور ثقافت کی تفریح و فروغ۔

(۱۸) عجائب گھر، آرٹ گیلریاں، کتب خانہ، کمیونٹی و ثقافتی مراکز، تاریخی و ثقافتی ورثہ کا تحفظ۔

(۱۹) کوآپریٹیوز۔

(۲۰) فراہمی آب و سیوریج کو ٹھکانے لگانا۔

(۲۱) صحت عامہ، صفائی، تحفظ اور ٹھوس کوڑے کرکٹ کا انتظام۔

(۲۲) سیلاب پر قابو پانا، سیلاب کے پانی کی نکاسی کے نظام کی تیاری اور دیکھ بھال۔

(۲۳) بندوبست آفات۔

(۲۴) خدمات برائے آگ و شہری دفاع

(۲۵) پارکوں، کھیل کے میدانوں، اسٹریٹ لائٹس، پارکنگ کے مقامات، بس اسٹاپ اور دیگر عوامی سہولیات جیسی سہولتوں کی فراہمی اور دیکھ بھال۔

(۲۶) تحفظ ماحول، جنگل بانی۔

(۲۷) صنعتی علاقوں چھوٹے، درمیانے کاروبار، وگھریلو صنعتوں کا قیام، بندوبست اور دیکھ بھال۔۔

(۲۸) تجارت اور کاروبار کا انتظام اور انضباط۔

(۲۹) مویشی کالونیوں، مویشیوں کے لیے تالاب، جانوروں پر ظلمانہ سلوک۔

(۳۰) مال مویشی، مویشی پالنا، ماہی گیری، دودھ کی مصنوعات اور مرغ بانی۔

(۳۱) مذبح خانوں کا انضباط۔

(۳۲) شادی، پیدائش اور موت کا اندراج۔

(۳۳) تدفین اور آخری رسومات کے مقام۔

(۳۴) بازاروں اور تجارتی مراکز کا انتظام۔

(۳۵) زراعت بشمول زراعت کی توسیع۔

(۳۶) دیہی ترقی۔

(۳۷) فارم پر پانی کے انتظامات۔

(۳۸) مقامی حکومتوں کے امور کو احسن طریقے سے سرانجام دینے کے لیے بھرتی کئے گئے انسانی وسائل کی بھرتی و انتظامات۔

(۳۹) محاصل اراضی، کپاس کی فیس، پراپرٹی ٹیکس، جائیداد کی منتقلی پر ٹیکس، غیر منقولہ جائیداد پر کیپٹل ویلیو ٹیکس، پیشے پر ٹیکس، موٹر وہیکل ٹیکس، تفریحی ٹیکس، سٹامپ ڈیوٹی، خدمات پر سیلز ٹیکس 50 فیصد، آکٹرائی، ضلع ٹیکس، ماحولیاتی ٹیکس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی و دیکھ بھال ٹیکس، صارفین کی فیس۔

(۴۰) مقامی حکومتیں تشکیل پانے کے دن سے ٹیکس، ٹول، کرایہ، فیس، سروس چارجز، سیس(Cess) ڈیوٹیز و شرح یا لیویز جمع کرنے کی مجاز ہوگی۔
(چھبیسویں ترمیم)

(۴۱) مقامی حکومتوں کے کارروائی کے قواعد وضوابط۔

(۴۲) اس جدول میں درج مضامین سے متعلق انتظامی، مالی و قانونی معاملات۔

## بیان اغراض وجوہ

پاکستان میں مقامی حکومتوں کی تاریخ مختلف ہے جس میں مختلف قسمت کے ادوار کی نشاندہی کی گئی ہے اور آمرانہ حکومتوں کے تحت مشکوک وجود اور جمہوری نظام کے تحت مکمل طور پر عدم وجود کا ایک مستقل نمونہ ہے۔ آمر نے انہیں قانونی حیثیت حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جبکہ جمہوریت انہیں حریف سمجھتی تھی۔

ملک میں کبھی بھی مقامی حکومتوں کا یکساں نمونہ نہیں رہا، ہر صوبے کا اپنا ڈیزائن ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان اداروں کے آپریشن اور ادارہ جاتی ترقی میں بہت زیادہ الجھنیں پیدا ہوتی ہیں۔ انتخابات بے قاعدہ ہوتے ہیں اور اکثر صرف اس صورت میں منعقد ہوتے ہیں جب اعلیٰ عدالتوں کی مداخلت ہوتی ہے، صوبائی حکومتوں کی جانب سے مقامی حکومتوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی ذمہ داری اور اختیارات منتقل کرنے میں سخت ہچکچاہٹ ہوتی ہے اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے اپنی مرضی سے مقامی حکومتوں کی بار بار برطرفی اور نگرانی ہوتی رہتی ہے۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کا آرٹیکل ۳۲، اس بات کا پابند بناتا ہے کہ ریاست بلدیاتی اداروں کی حوصلہ افزائی کرے گی اور آرٹیکل ۱۴۰/الف اس بات کو لازمی قرار دیتا ہے کہ ہر صوبائی حکومت بذریعہ قانون ایک مقامی حکومت کا نظام قائم کرے گی اور مقامی حکومت کے منتخب نمائندوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی ذمہ داری اور اختیار منتقل کرے گی۔ لیکن مقامی حکومتوں کے ڈھانچے، کردار، افعال، ذمہ داری اور اختیارات کے بارے میں کوئی وضاحت نہیں تھی جس کی وجہ سے پورا نظام صوبائی حکومتوں کے مرہون منت ہے۔

آئین کے تاریخی تجربے اور فرمودات کو مد نظر رکھتے ہوئے ضروری ہے کہ آئین میں کچھ ایسی تصریحات شامل کی جائیں جو بلدیاتی اداروں کی یکسانیت، تسلسل اور یقینیت اور پاکستان کی عوام کے امنگوں کے مطابق ان اداروں کو مقامی نظم و نسق کے قابل اور مؤثر ہتھیار بنانے کی بابت سیاسی، انتظامی اور مالی ذمہ داری اور اختیار منتقل کرنے کی ایک خاص سطح کو یقینی بنا سکیں۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/-

محمد جاوید حنیف خان

سید مصطفیٰ کمال-

محمد فاروق ستار

سید امین الحق

سید حفیظ الدین

اراکین قومی اسمبلی